Telegram - ISLAH.

(حسب ذیل پتہ پر جواب عنایت فرمائیں)
رشید الدین - مقام و ڈاکخانہ [illegible]
ضلع اعظم گڈھ

O/C

# مدرسۃ الاصلاح

سرائمیر، اعظم گڈھ (یو-پی)
MADRASATUL-ISLAH, SARAI MIR,
AZAMGARH (U.P.)

Dated ۱۳ / دسمبر ۱۹۴۶ء 194 .

مخدومنا! السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔

کسی اہم اور ضروری معاملے پر خط و کتابت کرنے میں بڑا وقت ضائع ہوتا ہے۔ اسلئے کہیں بہتر ہے کہ جسکو زیادہ اہمیت محسوس ہوتی ہو وہ خود چلا جائے اور معاملے کو طے کرکے چلا آئے۔ لیکن جب میں ارادہ کرتا ہوں تو چند امور مانع ہوتے ہیں۔ اول تو درازی سفر اور مسافروں کو ریل میں زحمت و مشقت، پھر اگر کہیں معاملہ نہ سلجھا اور کسی طرح سے نہ طے ہوا تو شکست خوردہ سپاہی کی طرح لوٹ کر آنا میرے سن والے کیلئے بڑا دشوار ہے۔ مجبوراً یہی فیصلہ کرنا پڑا کہ آپکی خدمت میں اپنا عریضہ پیش کروں اور مجھے امید ہے کہ آپ میری جرأت کو معاف فرمائینگے اور میری عادت نہیں ہے کہ کسی معاملے میں مایوس ہو جاؤں اسلئے لکھتا ہوں۔

میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مولوی امین احسن صاحب کا تعلق مدرسۃ الاصلاح سے اسقدر ہمیشہ رہا اور اہم تھا کہ تصور میں بھی کبھی نہیں آ سکتا تھا کہ وہ مدرسے کو چھوڑ دینگے۔ بہرکیف بات تو یہی ہے کہ ان کا مدرسے سے تعلق نہیں رہا ہے۔ ان کا تعلق مدرسے کیلئے ایک برکت تھا اور ان کی بے تعلقی مدرسے کو بہرے لئے اور شوقین طلبہ کیلئے بدبختی ہے۔ مدرسۃ الاصلاح کے اور آپکے تبلیغی کام میں کوئی مغایرت نہیں ہے اور امین احسن صاحب دونوں کیلئے نہایت موزوں ہیں۔ فرق اتنا ہے کہ وہ پہلے ہمارے تھے اور اب آپکے ہیں۔ اب ہمارے وہ نہیں رہے۔ اسکے یہ معنی نہیں کہ ہمارے ان کے تعلقات میں کوئی فرق آیا بلکہ یہ معنی ہیں کہ وہ جسم کی روح تھے۔ الغرض مجھے ان کے جانے کے بعد وہ کارخانہ بیکار کھڑا ہے، یا یوں کہئے کہ ایک جاندار جسم ہے جس کی روح پرواز کر گئی ہے۔ میں بہت پہلے سے سوچ رہا تھا کہ آپ کو لکھوں لیکن میرے دماغ کو ان کے جانے نے ایسا دھچکا لگا کہ سنبھلنے کیلئے ایک مدت کی ضرورت تھی۔ میں کیسے کہہ سکتا ہوں کہ آپ مجھے ان کو واپس دیجئے اسلئے کہ میرے کام سے آپکا کام کسی طرح اہمیت میں کم نہیں ہے بلکہ آپکے کام کا دائرہ اسکا زیادہ وسیع ہے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا راہ اختیار کیجئے کہ آپ کا کام اور میرا کام دونوں ٹھیک طرح سے چلیں۔ صرف ایک بات سوجھی ہے اور وہ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ میری ناچیز رائے ہے کہ اگر آپ پسند فرمائیں تو مدرسے کی بڑی خوش قسمتی ہے۔ یعنی شروع سال ہجری کی ۶ ماہ کیلئے مولوی امین احسن صاحب کو آپ مجھے عنایت فرمائیں اور بقیہ ۶ ماہ آپ اپنے یہاں رکھیں۔ مجھے امید ہے کہ آپ اس تجویز کو پسند فرمائینگے۔

آپکے جواب باصواب کے بعد مولوی امین احسن صاحب سے گفتگو کرونگا۔ والسلام

آپکے جواب کا منتظر خاکسار،

رشید الدین